DAILY **AGHAZ-E-SAFAR** MULTAN

روزنامہ

آغازِ سفر ملتان

چیف ایگزیکٹو محمد ذوالفقار ایڈیٹر امتیاز ذوالفقار

جلد نمبر 9 | اتوار 5 شعبان المعظم 26144 4 فروری 152023 صفحات 8 قیمت 20 روپے | شمارہ نمبر 207

سینئر انوسٹی گیشن آفیسر ڈاکٹر زاہد ملک ڈیرہ غازی خان میں کھلی کچہری میں سائل سنتے ہوئے

سینئر انوسٹی گیشن آفیسر وفاقی محتسب کا دورہ، 30 کیسز نمٹادیئے

ڈاکٹر زاہد ملک کی ڈیرہ غازیخان میں کھلی کچہری، مختلف شکایات کی سماعت کی

مقامی لوگوں کا وفاقی محتسب سے فوری اور بلا معاوضہ انصاف ملنے پر خوشی کا اظہار

ملتان، ڈیرہ غازیخان (عوامی رپورٹر، بیورو چیف) سینئر انوسٹی گیشن آفیسر ڈاکٹر زاہد ملک کا ڈیرہ غازی خان کا دورہ، 30 سے زائد کیسز نمٹادیئے، وفاقی محتسب ملتان کے سینئر انوسٹی گیشن آفیسر ڈاکٹر زاہد ملک ڈیرہ غازی خان کا دورہ کیا اور صوبائی محتسب کے دفتر میں کھلی کچہری لگا کر مختلف وفاقی اداروں کی شکایات کی سماعت کی، اس موقع پر ان کا کہنا تھا کہ وفاقی محتسب کا ادارہ بلا تاخیر اور بلا معاوضہ لوگوں کی خدمت کر رہا ہے، لوگ اپنے مسائل کے حل کے لیے وفاقی محتسب کو اپنی درخواستیں جمع کروا سکتے ہیں۔ مزید انہوں نے بتایا کہ آج 30 سے زائد کیسز کو نمٹا دیا گیا ہے اور بجلی بلوں میں تقریبا 6 لاکھ سے زائد کی درستگیاں کی گئی ہیں۔ مقامی لوگوں نے وفاقی محتسب سے فوری اور بلا معاوضہ انصاف ملنے پر خوشی کا اظہار کیا اور وفاقی محتسب کے پروگرام انصاف آپ کی دہلیز پر کو سراہا۔